© rasailojaraid.com

# آپ نے پوچھا

مدیر کے قلم سے

## اشتراکیت کا آغاز کب ہوا

سوال: اشتراکیت کا فلسفہ کیا ہے اور یہ سب سے پہلے کس نے پیش کیا؟ محمد عرفان (اسلام آباد)

جواب: اشتراکیت کا فلسفہ یہ ہے کہ چونکہ دنیا میں انسانوں کے درمیان زیادہ تر جھگڑے زمین، مال اور عورت کی وجہ سے ہوتے ہیں اس لیے یہ تینوں چیزیں کسی کی شخصی ملکیت نہیں ہو سکتیں بلکہ یہ تینوں تمام انسانوں کے درمیان کسی تعیین کے بغیر مشترک ملکیت ہیں۔

یہ فلسفہ سب سے پہلے پارسیوں (مجوسیوں) کے ایک راہنما "مزدک" نے پیش کیا اور کہا کہ ایک شخص جو کچھ کماتا ہے وہ اس کی ذاتی ملکیت نہیں بلکہ سب لوگوں کی مشترک ہے۔ اسی طرح کوئی عورت کسی مرد کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ ہر مرد ہر عورت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

ظہور اسلام کے بعد اسی فلسفہ کو عباسی خلیفہ معتصم باللہؒ کے دور میں بابک خرمی نے دوبارہ پیش کیا اور زر، زن اور زمین کو مشترک ملکیت قرار دے کر اس کا پرچار شروع کر دیا لیکن خلیفہ معتصم باللہ نے اسے قتل کرا دیا۔ موجودہ دور میں انفرادی ملکیت کی نفی کا یہ فلسفہ منظم شکل میں سب سے پہلے "کارل مارکس" نے پیش کیا اور

روس، چین اور مشرقی یورپ کے اشتراکی انقلاب اسی فلسفہ پر برپا ہوئے لیکن کہیں بھی کارل مارکس کا فلسفہ اصل شکل میں نافذ نہ کیا جا سکا بلکہ "سوشلزم" کے نام سے اس کے قریب قریب ایک جبری نظام ان ممالک پر مسلط کر دیا گیا مگر وہ بھی اب دم توڑ رہا ہے۔

## ام المومنین سیدہ عائشہؓ اور معراج جسمانی

سوال: بعض حضرات کی طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج جسمانی کی قائل نہ تھیں۔ اس کی حقیقت کیا ہے؟

عبدالغفور، دادکاٹھ

یہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر بہتان ہے کیونکہ خود حضرت عائشہؓ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج کا واقعہ روایت کرتی ہیں اور فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سدرۃ المنتہیٰ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام کو اصلی شکل میں دیکھا تھا۔ اصل بات یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ میں اس امر پر اختلاف تھا کہ معراج کے اس سفر میں جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی بلا حجاب زیارت کی ہے یا نہیں؟ حضرت عائشہؓ اس کی قائل نہیں تھیں اور ان کا ارشاد یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اللہ تعالیٰ کی نہیں بلکہ حضرت جبریل علیہ السلام کی اصلی شکل میں زیارت ہوئی تھی جیسا کہ (صحیح مسلم ج ۱ ص ۹۸) میں یہ روایت منقول ہے۔

باقی رہی بات معراج جسمانی کی تو جب حضرت عائشہؓ سدرۃ المنتہیٰ تک جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ... حضرت جبریل علیہ السلام کو اصل صورت

© rasailojaraid.com